# SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025

# END-OF-YEAR ASSESSMENT

**FINAL TERM**

**SUBJECT: ISLAMIAT**

**GRADE-4**

**[Part A: 50 Marks Part B: 50 Marks Total: 100 Marks], Time = 3 hours**

**School Name:** ____________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : c | Q. No.2 : b | Q. No.3 : d |
| Q. No.4 : a | Q. No.5 : b | Q. No.6 : c |
| Q. No.7 : a | Q. No.8 : d | Q. No.9 : c |
| Q. No.10 : b | Q. No.11 : b | Q. No.12 : a |
| Q. No.13 : c | Q. No.14 : d | Q. No.15 : d |
| Q. No.16 : b | Q. No.17 : a | Q. No.18 : d |
| Q. No.19 : a | Q. No.20 : a | Q. No.21 : c |
| Q. No.22 : b | Q. No.23 : d | Q. No.24 : b |
| Q. No.25 : b | | |

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 26**

سوال نمبر 26

**a ) Explain the meaning of " الکوثر" in the light of Hadith. (4)**

حدیث مبارک کی روشنی میں "الکوثر" کا مفہوم بیان کریں۔(4)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اُسے پورے (4) نمبر دیئے جائیں گے۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیئے جائیں گے جبکہ غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے گا۔

نمونے کے جواب کی ایک مثال:

کوثر جنت میں ایک نہر کا نام ہے۔ اس کے کنارے سونے کے ہیں۔ یہ موتیوں اور یاقوت کی نالیوں میں بہتی ہے۔ جس کا پانی شہد سے بھی زیادہ میٹھا، دودھ سے زیادہ سفید، برف سے زیادہ ٹھنڈا اور کستوری کی خوشبو سے زیادہ مہک والا ہے۔

**Write the translation of "Surah Al Kosar". (4)**

"سورۃ الکوثر" کا ترجمہ لکھیں۔(4)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم سوال کا مکمل درست جواب لکھتا ہے تو اُسے پورے (4) نمبر دیئے جائیں گے۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیئے جائیں گے جبکہ غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے گا۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
بے شک (اے نبی خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ) ہم نے آپ کو کوثر عطا فرمائی۔ تو آپ اپنے رب کے لئے نماز پڑھیں اور قربانی کریں۔ بے شک آپ کا دشمن ہی بے نسل رہے گا۔

**Write the translation of: "سمع اللهُ لِمَن حمِدہ".**

"سمع اللهُ لِمَن حمِدہ" کا ترجمہ لکھیں۔ (2)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم اس متعلقہ سوال کا مکمل درست جواب لکھتا ہے تو اُسے پورے (2) نمبر دیئے جائیں گے۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیا جائے گا۔ جبکہ غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے گا۔
نمونے کے جواب کی ایک مثال:
"اللہ تعالیٰ نے سن لی اس شخص کی بات جس نے اس کی تعریف بیان کی۔"

**Question No: 27**

---

سوال نمبر 27

---

**a ) Write the necessity and importance of propagation of Islam. (3)**

تبلیغ اسلام کی ضرورت واہمیت تحریر کریں. (3)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم تبلیغ اسلام کی ضرورت واہمیت مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیے جائیں۔ غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
نمونے کے جواب کی ایک مثال:
تبلیغ کی اہمیت اور فضیلت کا اندازہ اِس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ اللہ تعالی نے قرآن مجید میں رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ سے فرمایا کہ اے رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ جو کچھ آپ کے رب کی جانب سے نازل فرمایا گیا ہے وہ آگے لوگوں تک پہنچا دیجیے۔ تبلیغ اسلام سے معاشرتی مسائل جیسے کہ ظلم، ناانصافی، اور بدعنوانی کا خاتمہ ممکن ہے۔ یہ لوگوں کو صحیح راستے پر چلنے کی ترغیب دیتی ہے۔

**What are our responsibilities regarding preaching and Dawah? (4)**

دعوت و تبلیغ کے متعلق ہماری کیا ذمہ داریاں ہیں؟ (4)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم دعوت و تبلیغ کے متعلق ہماری ذمہ داریاں مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیے جائیں۔ غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
نمونے کے جواب کی ایک مثال:
ہمیں چاہیے کہ ہم اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی اطاعت کرتے ہوئے دین اسلام کی دعوت کو عام کریں. دعوت و تبلیغ کے راستے میں پیش آنے والی مشکلات پر صبر کریں۔ مشکلات سے گھبرا کر نیکی کے کاموں سے پیچھے نا ہٹیں اور صبر واستقامت کے دامن کو مضبوطی سے تھامے رکھیں۔

**At the beginning, what was the approach of the Nabi Kareem خَاتَمُ النَّبِيّٖنَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَسَلَّمَ preaching and Dawah?(3)**

ابتدا میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی دعوت و تبلیغ کا طرز عمل کیا تھا؟ (3)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم ابتدا میں نبی کریم خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ کی دعوت و تبلیغ کا طرز عمل مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔
جزوی درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیے جائیں۔ غیر متعلقہ جواب پر صفر نمبر دیا جائے۔
نمونے کے جواب کی ایک مثال:
ابتدا میں دعوت و تبلیغ کا کام رازداری کے ساتھ کیا گیا اور صرف قریبی لوگوں کو ہی دعوت پیش کی گئی۔ خفیہ تبلیغ کا سلسلہ تقریباً تین سال تک جاری رہا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے لوگوں کے ساتھ محبت اور شفقت کا رویہ اختیار کیا۔ یہ طریقہ لوگوں کے دلوں میں آپ کے لیے محبت پیدا کرتا تھا۔ آپ خَاتَمُ النَّبِیّٖن صَلَّی اللّٰہُ عَلَیۡہِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصۡحَابِہٖ وَسَلَّمَ نے سختیوں اور مخالفت کے باوجود صبر کا دامن نہیں چھوڑا۔ مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے بھی آپ نے اپنے پیغام کو جاری رکھا۔

**Question No: 28**

---

سوال نمبر 28

---

**a ) What is meant by Adaab-e-Majlis? (2)**

آدابِ مجلس سے کیا مراد ہے؟ (2)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم مکمل درست جواب دیتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی جواب لکھنے پر (1) نمبر دیا جائے۔ غیر متعلقہ جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
اصطلاح میں مجلس سے مراد وہ جگہ ہے جہاں لوگ کسی خاص مقصد کے لئے جمع ہوتے ہیں اور ایک دوسرے سے گفتگو کرتے ہیں۔

**Write four ethics of a meeting. (4)**

مجلس کے چار آداب لکھیں۔ (4)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم مکمل درست جواب دیتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی جواب لکھنے پر (1) تا (3) نمبر دیے جائیں۔ غیر متعلقہ جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
مجلس میں داخل ہوتے وقت سلام کرنا چاہیے۔
مجلس میں جہاں جگہ ملے بیٹھ جانا چاہیے۔
مجلس میں اپنی باری پر گفتگو کرنی چاہیے۔
مجلس میں بڑوں کی بات غور سے سننی چاہیے۔

**What kind of meetings should we attend? (4)**

ہمیں کس طرح کی مجالس میں شرکت کرنی چاہیے؟ (4)

آئیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم مکمل درست جواب دیتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی جواب لکھنے پر (1) تا (3) نمبر دیے جائیں۔ غیر متعلقہ جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کے جواب کی ایک مثال
ہمیں چاہیے کہ ہم اچھی مجالس میں شرکت کریں۔ جیسے کسی خوشی یا غمی کے موقع پر کسی مجلس میں شریک ہونا یا کسی دینی مجلس میں شرکت کرنا۔
بعض مجالس نیکی کی بجائے برائی پر آمادہ کرنے والی ہوتی ہیں۔ ایسی مجالس میں شرکت سے اجتناب کرنا چاہیئے۔

**Question No: 29**

---

سوال نمبر 29

---

**a ) Explain the difference between honesty and dishonesty:(3)**

دیانت داری اور بددیانتی میں فرق بیان کریں: (3)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر (1) تا (2) نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

دیانت داری کا مطلب ہے کہ ہر کام ایمان داری اور نیک نیتی کے ساتھ کیا جائے۔ امانت کی حفاظت کرنا اور دیا گیا کام پوری ذمہ داری سے کرنا۔ کسی کے راز کی حفاظت کرنا۔ سب دیانت داری میں شامل ہیں۔

دیانت داری کا متضاد بد دیانتی ہے جو شخص امانت میں خیانت کرتا ہو کام چور ہو۔ دھوکے اور فریب سے کام لیتا ہو اسے بد دیانت کہتے ہیں۔

**Explain the importance of honesty in the light of Quran Majeed and Hadith. (3)**

قرآن و حدیث کی روشنی میں دیانت داری کی اہمیت بیان کریں۔ (3)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر (1) تا (2) نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

قران مجید میں اللہ تعالی نے اپنے بندوں کی جو صفات بیان کی ہیں ان میں سے دیانت داری ایک اہم صفت ہے۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے۔

ترجمہ: "اور وہ لوگ جو اپنی امانتوں اور اپنے وعدہ کی حفاظت کرنے والے ہیں"۔

:حضرت محمد رسول اللہؐ خَاتَمُ النَّبِيِّيْن صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى آلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ نے فرمایا

ترجمہ: "جس میں امانت داری نہیں اس کا کوئی ایمان نہیں"۔

**Explain in your own words the social and economic effects of honesty.(4)**

دیانت داری کے معاشرتی اور معاشی اثرات اپنے الفاظ میں بیان کریں۔ (4)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر (1) تا (3) نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

:دیانت داری کے معاشرتی اور معاشی اثرات

دیانت داری کی وجہ سے کاروبار میں برکت اور رزق میں اضافہ ہوتا ہے۔

دیانت داری سکون اور اطمینان کا باعث ہے۔

دیانت دار شخص کی دعا قبول ہوتی ہے۔

دیانت دار تاجر کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اجر عظیم ملے گا۔

دیانت داری کی وجہ سے لوگوں کے درمیان اعتماد قائم ہوتا ہے۔

**Question No: 30**

سوال نمبر 30

**a ) Describe the incident of Hazrat Ibrahim's علیہ السلام migration. (3)**

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ہجرت کا واقعہ بیان کریں۔ (3)

آئیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر (1) تا (2) نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

بتوں کو توڑنے پر بادشاہ نے آپ علیہ السلام کو آگ میں ڈال دیا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے آگ کو آپ علیہ السلام کے لیے ٹھنڈا کر دیا۔

تب آپ علیہ السّلام نے اپنا شہر چھوڑنے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہجرت کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ آپ علیہ السّلام عراق سے ہجرت فرما کر فلسطین پہنچ گئے۔ فلسطین اور شام کے علاقے میں آپ علیہ السلام کی دعوت خوب پھیلی۔ آپ علیہ السلام توحید کی تبلیغ کے لیے مصر بھی تشریف لے گئے۔ یوں آپ علیہ السلام نے دنیا کے ایک بڑے حصے میں اللہ تعالی کی بندگی اور اطاعت کا پیغام پہنچایا۔

**Describe the phenomenon of Zamzam water. (3)**

آب زم زم کا واقعہ بیان کریں۔(3)

آیٹم روبرک(اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر (1) تا (2) نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالی کے حکم سے حضرت اسماعیل علیہ السلام اور ان کی والدہ کو عرب کے ایک ایسے علاقے میں آباد کیا جہاں پر نہ پانی تھا اور نہ کھانے پینے کی کوئی چیز ملتی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے ماں بیٹے کے لیے زم زم کا چشمہ جاری کیا۔

**Describe the great sacrifice of Hazrat Ibrahim علیہ السلام in detail. (4)**

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی عظیم قربانی تفصیل سے بیان کریں۔(4)

آیٹم روبرک(اردو):

اگر طالب علم متعلقہ سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر (1) تا (3) نمبر دیے جائیں۔ بالکل غلط جواب کی صورت میں صفر نمبر دیا جائے۔

:نمونے کے جواب کی ایک مثال

اللہ تعالی نے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو بیٹے کو قربان کرنے کا حکم دیا۔ وہ بیٹے کو اللہ تعالی کی راہ میں قربان کرنے کے لیے تیار ہو گئے مگر اللہ تعالیٰ نے جنت سے ایک مینڈھا بھیج دیا اور حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے مینڈھے کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں قربان کیا۔ اللہ تعالی نے آپ علیہ السلام کی قربانی قبول فرمائی۔ مسلمان ہر سال اسی سنت پر عمل کرتے ہوئے عید الاضحیٰ کے موقع پر جانوروں کی قربانی کرتے ہیں۔